© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● خدام اہل سنت کے رہنما اور مولانا زاہد الراشدی کے برادرِ نسبتی مولانا قاری خبیب احمد (جہلم) یکم مارچ کو انتقال کر گئے۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ نے مولانا کے انتقال پر پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعاءِ مغفرت کی ہے۔

● گلاسگو میں ہمارے مہربان اور ہم فکر محترم ساتھی جناب نسیم اعجاز ۱۳/ مارچ جمعۃ المبارک کو انتقال فرما گئے۔ وہ گلاسگو میں پاکستانی قونصلیٹ کے دفتر کے سامنے پاکستانی وکلاء کی تحریک کی حمایت میں کیے گئے مظاہرے میں ایک نظم پڑھ رہے تھے کہ اُن کی طبیعت بگڑ گئی بعد ازاں ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کا بیعت کا تعلق حضرت مولانا سید محمد اسعد مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے تھا۔ یو کے اسلامک مشن گلاسگو کے ذمہ دار تھے۔ تمام دینی طبقات کے ساتھ یکساں مراسم رکھتے تھے اور مجلس احرار اسلام کی سرگرمیوں کو خصوصی تحسین کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' کے مستقل قاری تھے۔ ابنائے امیر شریعت خصوصاً سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے مجاہدانہ کردار سے متاثر تھے۔ عبداللطیف خالد چیمہ کے سفر برطانیہ کے موقع پر فرشِ راہ ہوتے۔ گزشتہ دو سال سے گلاسگو میں احرار کے نظم میں ''ختم نبوت کانفرنس'' کے انعقاد کے سلسلہ میں مشورے کر رہے تھے۔ محترم محمد اکرم راہی کے قدیم رفقاء میں سے تھے۔ شیخ عبدالواحد، حافظ ظہور الحق اور محمد اکرم راہی کے ساتھ خالد چیمہ کے سفر گلاسگو کے موقع پر تحریک تحفظ ختم نبوت کی سرگرمیوں میں پیش پیش ہوتے اور اُن کے قیام گلاسگو کے دوران مجالس کی رونق کو دوبالا کرتے۔ تمام علماء اور دینی مدارس اور تمام تنظیموں سے بلاتفریق آگے بڑھ کر تعاون کا ہاتھ بڑھاتے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ۱۵/ مارچ کو گلاسگو کی مرکزی جامع مسجد میں ادا کی گئی۔

● جمعیت علماء برطانیہ کے ممتاز رہنما حافظ محمد اکرام (راچڈیل) اور شیخ عبدالعزیز (کمالیہ) کے والد گرامی اور کمالیہ کی دینی و سیاسی اور سماجی شخصیت شیخ عمر دین ۲۰/ مارچ کو انتقال فرما گئے۔ اُن کی نماز جنازہ ۲۱/ مارچ کو کمالیہ میں ادا کی گئی جو حافظ محمد اکرام نے پڑھائی۔ احرار کے ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ ضلع ساہیوال کے امیر قاری منظور احمد طاہر اور حافظ محمد صدیق نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

● مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب ابومعاویہ دوست محمد مرحوم

● جام الٰہی بخش مرحوم: ہمارے معاون اور ماسٹر جام غلام سرور (بدلی شریف ضلع رحیم یار خان) کے بڑے بھائی تھے۔ انتقال: ۴/ فروری ۲۰۰۹ء

● مجلس احرار اسلام حاصل پور کے مخلص کارکن محمد نعیم کے ہم زلف محمد خالد صاحب کا کمسن اکلوتا بیٹا انتقال کر گیا۔

● ملتان میں ہمارے مہربان ملک فلک شیر صاحب کے والد، محمد فرحان کے چچا ملک اللہ دتہ مرحوم

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

● قدیم احرار کارکن مولوی علی محمد صاحب (بستی مولویاں، ضلع رحیم یار خان) ☆ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے مخلص کارکن جناب سراج الدین عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔

● مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے ناظم محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی کی دختران اور نواسے بیمار ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com